رہبر معظم کا زین الدین شہیدوں کے باپ کی رحلت پر تعزیتی پیغام - 4 /Feb/ 2011

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے زین الدین شہیدوں کے باپ کی رحلت پر ان کے خاندان کے نام تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔
رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:
اعلی مقام شہیدوں کے باپ مرحوم و مغفور آقائ حاج عبد الرزاق زین الدین کی رحلت پران کے معزز خاندان بالخصوص ان شہیدوں کی فدا کارماںاور ان کے دوستوں اور چاہنے والوں کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں۔

اسمؤمن اور آزاد انسان نے مختلف قسم کے امتحانات کو صبر و استقامتاور سرافرازی کے ساتھعبور کیا اور اب وہ اپنے معبود بر حق کی بارگاہ میں پہنچ گئے ہیں جہاں انھیں اللہ تعالی کی جانب سے نیک جزا اور اجر و ثواب ملے گا ، انشاء اللہ۔

اللہ تعالی کی بارگاہ سے مرحوم کے درجات کی بلندی چاہتا ہوں ۔

سید علی خامنہ ای

14/11/ 1389